

# ہیپاٹائٹس بی:

## اپنی اور اپنے بچے کی حفاظت کے لیے آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

Washington State Department of Health

## ہیپاٹائٹس بی کیا ہے؟

ہیپاٹائٹس بی ایک وائرس ہے جو جگر پر حملہ کرتا ہے۔ اگر علاج نہ کیا جائے، تو یہ جگر کی خرابی اور کینسر کا باعث بن سکتا ہے۔

ایک اندازے کے مطابق دنیا بھر میں 296 ملین لوگ ہیپاٹائٹس بی کی بیماری کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہیں۔ بہت سے لوگ یہ نہیں جانتے کہ وہ متاثرہ ہیں کیونکہ ہ بیمار محسوس نہیں کرتے یا بیمار نہیں لگتے ہیں۔

ہیپاٹائٹس بی وائرس متاثرہ خون یا بعض جسمانی رطوبتوں کے ذریعے ایک شخص سے دوسرے شخص میں منتقل ہوتا ہے۔

## ہیپاٹائٹس بی اور حمل

اگر آپ حاملہ ہیں، تو آپ کو قبل از پیدائش نگہداشت کے حصے کے طور پر ہیپاٹائٹس بی کے لیے خون کا ٹیسٹ کروانا چاہیے۔

اگر آپ متاثرہ ہیں تو آپ پیدائش کے دوران اپنے نوزائیدہ کو ہیپاٹائٹس بی منتقل کرنے کا باعث بن سکتی ہیں۔

اگر آپ حاملہ ہیں اور آپ کو ہیپاٹائٹس بی ہے، تو آپ کے بچے کو انفیکشن سے بچانے کے لیے پیدائش کے وقت ہی زیر جلدی انجکشنز لگائے جا سکتے ہیں۔



## مزید معلومات کے لیے:

**Centers for Disease Control and Prevention**
**(CDC، بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز)**
www.cdc.gov/hepatitis/hbv/

**ہیپاٹائٹس بی کی شکار مائیں**
www.hepbmoms.org (انگریزی)

HepBHub
doh.wa.gov/hepbhub

DOH 420-406 May 2022 Urdu

کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لیے؛ 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین، براہِ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔

ماخذ: CDC, Protect Your Baby for Life



## کیا ہیپاٹائٹس بی میرے بچے کے لیے خطرناک ہے؟

جب بچے ہیپاٹائٹس بی سے متاثر ہو جاتے ہیں، تو انہیں عمر بھر کے لیے، دائمی انفیکشن ہونے کا تقریباً 90 فیصد امکان ہوتا ہے۔

اگر علاج نہ کیا جائے، تو 4 بچوں میں سے 1 بچہ جس کو دائمی ہیپاٹائٹس بی ہوتا ہے وہ جگر کے سنگین مسائل جیسے جگر کی خرابی، جگر کی بیماری، یا جگر کے کینسر کا شکار ہو جائے گا۔

خوش قسمتی سے، ایک انتہائی محفوظ اور مؤثر ویکسین کے ذریعے ہیپاٹائٹس بی کے انفیکشن سے بچا جا سکتا ہے۔

## اپنے بچے کی حفاظت کریں اور ہیپاٹائٹس بی سے بچیں

آپ کے بچے کو پیدائش کے بعد 24 گھنٹوں کے اندر ہیپاٹائٹس بی کی پہلی ویکسین لگوائی جانی چاہیے۔

اگر آپ کا ہیپاٹائٹس بی مثبت ہے، تو آپ کے بچے کو پیدائش کے بعد 12 گھنٹوں کے اندر ہیپاٹائٹس بی امیون گلوبیولین (HBIG) ملنا چاہیے۔

آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس بی سے بچانے کے لیے ہیپاٹائٹس بی کی تمام 3 ویکسینز اور HBIG شاٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے، 9–12 ماہ کی عمر میں اپنے بچے کا ٹیسٹ کروائیں۔

| مقررہ تاریخ | ہیپاٹائٹس بی کا شکار حاملہ کے ہاں پیدا ہونے والے بچے کو لازمی فراہم کی جانی چاہیے |
|---|---|
| **پیدائش کے وقت** | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین اور ہیپاٹائٹس بی امیون گلوبیولین (HBIG) کی پیدائش کے وقت کی خوراک |
| **1–2 ماہ کی عمر میں** | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی دوسری خوراک |
| **6 ماہ کی عمر میں** | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی تیسری خوراک |
| **9–12 ماہ کی عمر میں** | اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے ٹیسٹ کروائیں کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے |

آپ کے بچے کی حفاظت کے دیگر طریقے یہ ہیں:

- اگر آپ کو ہیپاٹائٹس بی ہے تب بھی آپ اپنے بچے کو چھاتی کا دودھ پلا سکتی ہیں۔ اگر آپ کے نپلز پھٹ جاتے ہیں اور خون بہنے لگتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے بات کریں، چھاتی کا دودھ پلانے کے دوران آپ کی مدد کرنے کے لیے اختیارات دستیاب ہیں۔
- اپنی ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کا ریکارڈ محفوظ رکھیں اور اسے اپنے طبی دورے کے وقت ساتھ لے کر لائیں۔
- اپنے خاندان کے افراد کا ہیپاٹائٹس بی کا ٹیسٹ کروائیں اور ویکسین لگوائیں۔

## اگر آپ کو ہیپاٹائٹس بی نہیں ہے

آپ اب بھی ایک محفوظ اور مؤثر ویکسین کے ذریعے اپنی اور اپنے بچے کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے کو مکمل کرنا یقینی بنائیں!

| مقررہ تاریخ | بچے کو ویکسین درج ذیل اوقات میں ملنی چاہئے |
|---|---|
| **پیدائش کے وقت** | پیدائش کے وقت ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی خوراک |
| **1–2 ماہ کی عمر میں** | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی دوسری کی خوراک |
| **6 ماہ کی عمر میں** | ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین کی تیسری خوراک |

## اگر آپ کو ہیپاٹائٹس بی ہے تو اپنا خیال رکھیں

آپ کو اپنے جگر کی صحت کی جانچ کرنے اور یہ دیکھنے کے لیے اضافی ٹیسٹوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ آیا آپ کو علاج کی ضرورت ہے یا نہیں۔

اینٹی وائرلز کہلانے والی ادویات ہیپاٹائٹس بی کا شکار بہت سے افراد کا علاج کر سکتی ہیں۔ تاہم، ہر کسی کو علاج کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

کوئی بھی نسخے میں تجویز کردہ دوا، نسخے کے بغیر قانوناً بکنے والی ادویات، سپلیمنٹس، یا وٹامنز لینے سے پہلے کسی ڈاکٹر سے پوچھیں کیونکہ کچھ ادویات ممکنہ طور پر جگر کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

آپ ہیپاٹائٹس اے کی ویکسین سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اپنے انفیکشن کی نگرانی کے لیے پیدائش کے بعد ڈاکٹر سے معائنہ کروانا جاری رکھیں۔